# درخواستیں



www.pakcity.org

بخدمت جناب پرنسپل صاحب گورنمنٹ ماڈل ہائی سکول اسلام آباد

عنوان : درخواست برائے جرمانہ معافی

جناب عالی!

گزارش ہے کہ میں گزشتہ ہفتے اچانک بیمار ہو گیا تھا۔ میرے والد صاحب ملازمت کے سلسلے میں لاہور رہتے ہیں۔ میرے گھر کے قریب ہمارے سکول کا کوئی طالب علم نہیں رہتا۔ جس کی وجہ سے میں بیماری کی اطلاع نہیں دے سکا۔ غیر حاضری کی وجہ سے مجھے پچاس روپے جرمانہ کیا گیا ہے۔ میں غریب گھرانے سے تعلق رکھتا ہوں۔ اور جرمانہ ادا نہیں کر سکتا۔ مہربانی فرما کر میرا جرمانہ معاف کر دیا جائے۔

آپ کی عین نوازش ہو گی۔

العارض

آپ کا فرمانبردار شاگرد

نام : طارق جمیل

کلاس : دہم

رول نمبر : 54

تاریخ : 24-02-2018



Please visit for more data at: www.pakcity.org

بخدمت جناب پرنسپل صاحب گورنمنٹ ماڈل ہائی سکول اسلام آباد

عنوان : درخواست رخصت برائے رخصت بیماری

pakcity.org

جناب عالی!

گزارش ہے کہ کل رات سے میرے سر میں درد اور تیز بخار ہے۔ جس کی وجہ سے میں آج سکول حاضر ہونے سے قاصر ہوں۔ مہربانی فرما کر مجھے ایک یوم مورخہ 29 ستمبر کی رخصت عنایت فرمائی جائے۔

آپ کی عین نوازش ہو گی۔

العارض

آپ کا فرمانبردار شاگرد

نام : طارق جمیل

کلاس : دہم

رول نمبر : 54

تاریخ : 24-02-2018

www.pakcity.org
EDUCATION
pakcity.org

بخدمت جناب پرنسپل صاحب گورنمنٹ ماڈل ہائی سکول اسلام آباد

عنوان : درخواست رخصت برائے ضروری کام

جنابِ عالی!

گزارش ہے کہ مجھے گھر پر بہت ضروری کام ہے۔ جس کی وجہ سے سکول میں حاضر نہیں ہو سکتا۔ مہربانی فرما کر مجھے ایک یوم مورخہ 29 ستمبر کی رخصت عنایت فرمائی جائے۔

آپ کی عین نوازش ہو گی۔

العارض

آپ کا فرمانبردار شاگرد

نام : طارق جمیل

کلاس : دہم

رول نمبر : 54

تاریخ : 24-02-2018

www.pakcity.org
EDUCATION
pakcity.org

بخدمت جناب پرنسپل صاحب گورنمنٹ ماڈل ہائی سکول اسلام آباد

عنوان : درخواست رخصت برائے شرکت شادی

جناب عالی!

گزارش ہے کہ میرے بڑے بھائی کی شادی 26 ستمبر 2019ء کو ہونا قرار پائی ہے۔ بارات لاہور جائے گی۔ 27 ستمبر کو دعوتِ ولیمہ ہے۔ میری شادی میں شمولیت نہایت ضروری ہے۔ لہذا مہربانی فرما کر دو یوم مورخہ 26 تا 27 ستمبر کی رخصت عنایت فرمائی جائے۔

آپ کی عین نوازش ہو گی۔

العارض

آپ کا فرمانبردار شاگرد

نام : طارق جمیل

کلاس : دہم

رول نمبر : 54

تاریخ : 24-02-2018

www.pakcity.org
EDUCATION
pakcity.org

بخدمت جناب پرنسپل صاحب گورنمنٹ ماڈل ہائی سکول اسلام آباد

عنوان : درخواست برائے فیس معافی

جناب عالی!

گزارش ہے کہ میں آپ کے زیرِ سایہ آٹھویں جماعت میں پڑھ رہا ہوں۔ میرے والد صاحب بہت غریب ہے۔ کوئی مستقل ذریعہ آمدنی نہیں کہ وہ میری تعلیم کا خرچ برداشت کر سکیں۔ مجھے تعلیم حاصل کرنے کا بڑا شوق ہے۔ میری تعلیمی حالت بھی اچھی ہے لہذا مہربانی فرما کر میری سالم فیس معاف فرمائیں تاکہ میں اپنی تعلیم جاری رکھ سکوں۔

آپ کی عین نوازش ہو گی۔

العارض

آپ کا فرمانبردار شاگرد

نام : طارق جمیل

کلاس : دہم

رول نمبر : 54

تاریخ : 24-02-2018

www.pakcity.org
pakcity.org

بخدمت جناب پرنسپل صاحب گورنمنٹ ماڈل ہائی سکول اسلام آباد

عنوان : درخواست برائے حصولِ سرٹیفکیٹ

جنابِ عالی!

گزارش ہے کہ میرے والد صاحب محکمہ صحت میں ملازم ہے۔ پچھلے ہفتے اُن کا تبادلہ اسلام آباد سے لاہور ہو گیا ہے۔ گھر کے تمام افراد لاہور منتقل ہو رہے ہیں۔ یہاں میرے لیے اکیلے رہ کر تعلیم جاری رکھنا ممکن نہیں۔ مہربانی فرما کر مجھے مدرسہ چھوڑنے کا سرٹیفکیٹ عطا فرمائیں تاکہ میں لاہور میں کسی سکول میں داخلہ لے کر اپنی تعلیم جاری رکھ سکوں۔

آپ کی عین نوازش ہو گی۔

العارض

آپ کا فرمانبردار شاگرد

نام : طارق جمیل

کلاس : دہم

رول نمبر : 54

تاریخ : 24-02-2018

www.pakcity.org


Please visit for more data at: www.pakcity.org

بخدمت جناب پرنسپل صاحب گورنمنٹ ماڈل ہائی سکول   اسلام آباد

عنوان :   درخواست برائے دوبارہ داخلہ

جناب عالی!

گزارش ہے کہ میں پچھلے ہفتے شدید بیمار ہو گیا تھا۔ والدین پریشانی کی وجہ سے میری رخصت کی درخواست سکول نہ بھیج سکے۔ میں آج پندرہ دن بعد سکول میں حاضر ہوا تو معلوم ہوا کہ میرا نام سکول سے خارج کر دیا گیا ہے۔ میڈیکل سرٹیفکیٹ درخواست کے ساتھ لف ہے۔ مہربانی فرما کر مجھے دوبارہ جماعت آٹھویں میں داخل فرمائیں۔

آپ کی عین نوازش ہو گی۔

العارض

آپ کا فرمانبردار شاگرد

نام : طارق جمیل

کلاس : دہم

رول نمبر : 54

تاریخ : 24-02-2018

www.pakcity.org
EDUCATION pakcity.org

بخدمت جناب ہیلتھ آفیسر صاحب تحصیل اسلام آباد، پاکستان

عنوان : ہیلتھ آفیسر کے نام درخواست

جناب عالی!

گزارش ہے کہ ہمارے محلے میں صفائی کا کوئی انتظام نہ ہے۔ جس کی وجہ سے جگہ جگہ کوڑے کرکٹ کے ڈھیر لگے ہوئے ہیں جن سے انتہائی بدبو آتی رہتی ہے۔ گندے پانی کے چھوٹے چھوٹے تالاب بہنے کی وجہ سے مچھروں کی افزائش میں اضافہ ہو گیا ہے۔ جس کی وجہ سے ملیریا اور ہیضہ جیسی مہلک بیماریاں پھیل گئی ہے۔ اِس وبا سے کئی اموات ہو چکی ہیں۔ مہربانی فرما کر صفائی کا مناسب بندوبست کیا جائے اور وبا کی روک تھام کے لیے دوائیوں اور سپرے وغیرہ کا فوراً انتظام کیا جائے۔ تاکہ مزید نقصان ہونے سے بچا جائے۔

آپ کی عین نوازش ہو گی۔

العارض

آپ کے ممنون

اہل محلہ

www.pakcity.org
EDUCATION
pakcity.org

بخدمت جناب تحصیل ناظم صاحب اسلام آباد، پاکستان

عنوان : تحصیل ناظم کے نام درخواست

pakcity.org

جناب عالی!

گزارش ہے کہ ہمارے محلے کے خاکروب انتہائی لاپرواہ ہیں. عملے کی غفلت کی وجہ سے ہمارے محلے میں صفائی کا انتظام انتہائی ناقص ہے جگہ جگہ کوڑے کرکٹ کے ڈھیر لگے ہوئے ہیں جن سے انتہائی بدبو آتی رہتی ہے۔ گندے پانی کے چھوٹے چھوٹے تالاب بہنے کی وجہ سے مچھروں کی افزائش میں اضافہ ہو گیا ہے۔ اِس کے علاوہ ملیریا اور ہیضے جیسی مہلک بیماریاں پھیلنے کا بھی اندیشہ ہے۔ مہربانی فرما کر محلے کی صفائی کا بندوبست کیا جائے۔

آپ کی عین نوازش ہو گی۔

العارض

آپ کے ممنون

ساکنانِ محلہ

www.pakcity.org

بخدمت جناب پوسٹ ماسٹر صاحب ڈاکخانہ اسلام آباد، پاکستان

عنوان : پوسٹ ماسٹر کے نام درخواست

جناب عالی!

گزارش ہے کہ شریف کالونی کے حلقے میں جس ڈاکیے کی ڈیوٹی ہے وہ لاپرواہی اور غیر ذمہ داری سے ڈاک تقسیم کرتا ہے۔ جس کی وجہ سے ہمارے خطوط ہمیں نہیں ملتے۔ منی آرڈر بروقت موصول نہیں ہوتے۔ ڈاکیا خطوط محلے کے دوسرے لوگوں کو دے کر چلا جاتا ہے۔ مہربانی فرما کر اس حلقے کے ڈاکیے کو ہدایت فرمائیں کہ وہ ڈاک ذمہ داری سے تقسیم کیا کرے۔ جس کے نام خط ہو اس کے گھر خود پہنچائے۔ امید ہے آپ میری اس درخواست پر ضرور غور فرمائیں گے۔

آپ کی عین نوازش ہو گی۔

العارض

آپ کا ممنون

احسان خان نیازی

www.pakcity.org



Please visit for more data at: www.pakcity.org

بخدمت جناب پوسٹ ماسٹر صاحب ڈاکخانہ اسلام آباد، پاکستان

عنوان : درخواست بنام پوسٹ ماسٹر

جناب عالی!

گزارش ہے کہ میرے والد صاحب نے اِس ماہ کی پہلی تاریخ کو میرے نام ایک ہزار روپے کا منی آرڈر بھیجا تھا۔ بیس دن گزر جانے کے باوجود مجھے ابھی تک منی ارڈر کی رقم نہیں ملی۔ مہربانی فرما کر اِس معاملے کی تحقیق فرمائیں تا کہ میرے والد صاحب کی بھیجی ہوئی رقم مجھے مِل جائے۔

آپ کی عین نوازش ہو گی۔

العارض

آپ کے ممنون

فرحان خان

www.pakcity.org


Please visit for more data at: www.pakcity.org